CAREERINDIA

یہاں سے کاٹئے

SL. No : X

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 50]
Total No. of Questions : 50]

CCE RF
CCE RR

[ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ: 8
[Total No. of Printed Pages : 8

ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 12-U

Code No. : 12-U

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : First Language – URDU

(ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ / New Syllabus)

(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ+ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ/ Regular Fresh + Regular Repeater)

ದಿನಾಂಕ : 30. 03. 2017]
ಸಮಯ : ಬೆಳಿಗ್ಗೆ 9-30 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 12-30 ರವರೆಗೆ]
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100]

[Date : 30. 03. 2017
[Time : 9-30 A.M. to 12-30 P.M.
[Max. Marks : 100

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER

اس مقام سے کاٹ کر سوال نامہ کھولئے

عام ہدایات :

1. سوالنامہ معروضی اور موضوعی قسم کے سوالوں پر مشتمل ہے جس میں 50 سوالات ہیں۔

2. اس سوالنامہ کو سربمہر کر دیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالنامہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔

3. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالوں کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔

4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے مارکس دئے گئے ہیں۔

5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

Tear here

www.careerindia.com

CAREERINDIA

PART-A/حصّہ-الف

درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے : 11 × 1 = 11

1. حجۃ الوداع کے موقعہ پر کس صحابیؓ نے اذان دی ؟

2. بڑی حویلی کی دیوٹ پر آدا جعفری نے ایک دیا کسے قرار دیا ہے ؟

3. احمد نگر کی جیل میں جواہر لال نہرو نے کس کی مدد سے اردو سیکھی ؟

4. پنڈت جواہر لال نہرو کو کس زبان سے دلی لگاؤ تھا ؟

5. مولانا ابوالکلام آزاد کس کی محکومی اور غلامی سے نجات دلانا چاہتے تھے ؟

6. ودیا چرن جی کی تقریر کا جواب کون دیتا تھا ؟

7. امیر خسرو کے والد کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے ؟

8. اللہ رب العزت کی کس صدا سے دنیا وجود میں آئی ؟

9. ہوا چاروں طرف سے کیا پکارتی آئی ؟

10. صف باندھنے کے بعد کیوں غل مچا ؟

11. مچھر کی نظر میں انسان کا قاتل کون ہے ؟

نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھیے : 8 × 2 = 16

12. دوسرے دن صبح اٹھتے ہی مصنف کے پڑوسی نے کیا کیا ؟

13. مصنف پطرس بخاری نے صبح کی تعریف کس طرح کی ؟

14. دنیا کے کن ممالک میں زعفران کی کاشت کی جاتی ہے ؟

www.careerindia.com

CAREERINDIA

15. زعفران میں کون کونسے کیمائی اجزا پائے جاتے ہیں ؟

16. موسم بہار میں چڑیاں کیا کرتی ہیں ؟

17. حضرت امام حسینؓ امت کے واسطے کیا کچھ کر گذرنا چاہتے تھے ؟

18. زمینی لکیروں (سرحدوں) سے انسان کی زندگی میں کیا تبدیلی آئی ؟

19. اعجازؔ احسنی نے اپنی رباعی میں سماج کی کس برائی کی طرف اشارہ کیا ہے ؟

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 8 × 3 = 24

متن کے حوالے سے تشریح کیجئے

20. ''اس کے کھانے سے کوئی بیماری پاس نہیں پھٹکتی''

21. ''اردو میری اور میرے دادا کی زبان ہے''

22. ''دھرم کا پالن کرنے والو! آج یہ ماں اتنے سنکٹ میں ہے جہاں کوئی بھی سچا مارگ درشک نہیں رہا''

ذیل میں دئے گئے دو نثر نگاروں میں کسی ایک کا تعارف لکھئے :

23. (i) مولانا ابوالکلام آزاد (ii) سید سلیمان ندوی

کسی ایک شاعر کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے :

24. (i) فراقؔ گورکھپوری (ii) مرزا غالبؔ

ذیل میں دئے گئے اشعار کا مطلب آسان الفاظ میں لکھئے :

25. روک لو گر غلط چلے کوئی

بخش دو گر خطا کرے کوئی

www.careerindia.com

CAREERINDIA

26. تیرے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

27. سب کا تو مداوا کر ڈالا اپنا ہی مداوا کر نہ سکے
سب کا تو گریباں سی ڈالے، اپنا ہی گریباں بھول گئے

مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : 4 × 4 = 16

28. حجۃ الوداع کے موقعہ پر حضورؐ نے حسنِ معاشرت سے متعلق کیا ارشاد فرمایا ؟

29. طوطیٔ ہند امیر خسرو کے متعلق مختصر نوٹ لکھئے۔

یا

بچوں پر گھی کی ہانڈی کو ہاتھ نہ لگانے کی تنبیہ کا کیا اثر ہوا ؟ لکھئے۔

30. حمد یا نعت کے چار اشعار لکھئے۔

31. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے :

(i) رشوت (ii) جگنو

PART-B/حصّہ - ب

درج ذیل سوالات کے چار متبادل جواب دیے گئے ہیں۔ موزوں جواب کا انتخاب کر کے لکھیں : 10 × 1 = 10

32. غزل کا سب سے اچھا شعر ہے

A) مطلع B) مقطع

C) بیت الغزل D) تخلص

www.careerindia.com

CAREERINDIA

.33 علامہ اقبالؔ کا مجموعہ کلام ہے

A) آلِ جبرئیل B) بالِ جبرئیل

C) شالِ جبرئیل D) مالِ جبرئیل

.34 لاحقہ کی نشاندہی کیجیے

A) خوشبو B) بے وفا

C) بدبخت D) منافع خور

.35 محاورہ ''ترکی بہ ترکی جواب دینا'' کے معنی ہیں

A) ترکی کا سفر کرنا B) نہایت خوش ہونا

C) جیسا کہے ویسا جواب دینا D) کھل کر ہنسنا

.36 معنوی اعتبار سے غیر مترادف لفظ الگ کیجیے

A) انبار B) ڈھیر

C) ذخیرہ D) حمیرہ

.37 صورت کے لحاظ سے جملے کی کل کتنی قسمیں ہیں ؟

A) ایک B) دو

C) تین D) چار

.38 ارکان کی تکرار سے جب کوئی خاص وزن پیدا ہوتا ہے تو اسے

A) رکن کہتے ہیں B) شعر کہتے ہیں

C) تشبیہ کہتے ہیں D) بحر کہتے ہیں

www.careerindia.com

CAREERINDIA

39. الفاظ کا ایسا مجموعہ جس سے پوری بات سمجھ میں آجائے

A) من جملہ کہلاتا ہے
B) جملہٴ انشائیہ کہلاتا ہے
C) جملہ کہلاتا ہے
D) مصرع کہلاتا ہے

40. جس نظم میں اللہ رب العزت کی تعریف ہو

A) منقبت
B) قصیدہ
C) نعت
D) حمد

41. ایسا نام جو ماں باپ، بیٹے یا بیٹی کے تعلق سے مشہور ہو جائے

A) کنیت
B) تخلص
C) اسم
D) روحانیت

پہلے دو لفظوں میں جس طرح کا جوڑ ہے اسی طرح کا جوڑ تیسرے لفظ کے لئے لگایئے : 4 × 1 = 4

42. حمد : صغریٰ عالم :: نعت : ....۔

43. درشتی : زہرہ جمال :: حجتہ الوداع : ....۔

44. عقیدہ : ایمان :: نیتا : ....۔

45. رسم : رسوم :: عمل : ....۔

درج ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 2 × 3 = 6

46. مفرد جملے کی تعریف کیجئے اور مثال دیجئے۔

47. صنعتِ تلمیح کی تعریف کیجئے۔

یا

صنعتِ تضاد کی تعریف کرتے ہوئے مثال دیجئے۔

www.careerindia.com

CAREERINDIA

PART-C/حصّہ - ج

48. والد کے نام خط لکھ کر امتحان میں کامیابی کی اطلاع دیجئے۔ $1 \times 5 = 5$

یا

بلدیہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں گلی سے کوڑا کرکٹ ہٹانے کی درخواست کی گئی ہو۔

49. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے $1 \times 5 = 5$

(i) موبائل فون

(ii) ماحول کی آلودگی

درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر مطلوب جوابات مختصر لکھئے : $3 \times 1 = 3$

50. کیرلا کو ہندوستان کا سب سے خوبصورت علاقہ کہا جاتا ہے۔ یوں تو کشمیر کو ہندوستان کا جنت کہا جاتا ہے لیکن کیرلا کی سرزمین قدرتی حسن سے مالامال ہے۔ ایک اردو ادیب نے کیرلا کو ''نارجلستان'' کے نام سے یاد کیا ہے۔ کیرلا کا قومی تہوار ''اونم'' ہے جس میں لڑکیاں مختلف پھولوں کو اکٹھا کر کے اپنے گھر کا صحن سجاتی ہیں۔

سوالات :

(الف) ہندوستان کا سب سے خوبصورت علاقہ کونسا ہے ؟

(ب) ہندوستان کی جنت کسے کہا جاتا ہے ؟

(ج) کیرلا کے قومی تہوار کا کیا نام ہے ؟

www.careerindia.com

www.careerindia.com